# ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ۔ نیو کراچی

## شعبہ اطلاعات و تعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

نیو کراچی ٹاؤن میں ریٹائرڈ ملازمین کے بقایاجات کی ادائیگی کا سلسلہ جاری ۔

چیئرمین محمد یوسف نے میونسپل کمشنر ایاز حمید اللہ بلوچ کے ہمراہ ریٹائرڈ ملازمین میں لیو انکیشمنٹ کی مد میں 32 لاکھ روپے سے زائد کی رقم کے چیک تقسیم کیئے ۔

منتخب نمائندے و افسران ملازمین کی فلاح و بہبود کے لئے بہتر اقدامات کر رہے ہیں ۔ ملازمین

ریٹائرڈ اور متوفی ملازمین کے واجبات کی بروقت ادائیگی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں ۔ چیئرمین محمد یوسف

نیو کراچی ٹاؤن میں ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات کی ادائیگیاں صفر ہو چکی ہیں ۔ میونسپل کمشنر ایاز حمید اللہ بلوچ

مورخہ : 12/ نومبر 2024ء

کراچی ( ) نیو کراچی ٹاؤن میں ریٹائرڈ ملازمین کے بقایاجات کی ادائیگی کا سلسلہ جاری ۔ چیئرمین محمد یوسف نے میونسپل کمشنر ایاز حمید اللہ بلوچ کے ہمراہ ریٹائرڈ ملازمین میں لیو انکیشمنٹ کی مد میں 32 لاکھ روپے سے زائد کی رقم کے چیک تقسیم کیئے ۔ چیئرمین محمد یوسف نے نیو کراچی ٹاؤن کے ریٹائرڈ ملازمین میں بقایاجات کے چیک تقسیم کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ ماہ ہم نے ریٹائرڈ ملازمین کو بقایاجات (لیو انکیشمنٹ) کی مد میں تقریباً 80 لاکھ روپے کے چیک ادا کیئے جبکہ اس ماہ ریٹائرڈ ہونے والے ملازمین کی تعداد 10 کے قریب ہے آج ہم نے ریٹائرڈ ہونے والے افسران و ملازمین کے واجبات (لیو انکشمنٹ) کی مد میں بتیس لاکھ تینتیس ہزار پانچ سو ستاسی روپے کے چیک دیئے ہیں الحمد اللہ اب ہم پرانے واجبات ادا کرنے کے بعد اس پوزیشن پر آ گئے ہیں کہ جس ماہ ملازم ریٹائرڈ ہو گا ہم اُسی ماہ اسکے واجبات انشاء اللہ ٹاؤن کی سطح پر ادا کریں گے ۔ چیئرمین محمد یوسف نے کہا کہ ہم میونسپل کمشنر ایاز حمید اللہ بلوچ کے مشکور ہیں کہ جن کا تعاون ملازمین کی فلاح و بہبود کے لئے ہمیں حاصل رہتا ہے ہماری کوشش ہے کہ نیو کراچی ٹاؤن میں تعمیر و ترقی کے ساتھ ملازمین کے واجبات کی ادائیگی کو بھی بہتر سے بہتر بنائیں ، ہمارے پاس نئے اور پرانے ریٹائرڈ ملازمین کی فائلیں آ رہی ہیں اور ہم سب کے ساتھ یکساں سلوک کرتے ہوئے ادائیگیوں کو ممکن بنا رہے ہیں ۔ اس موقع پر میونسپل کمشنر ایاز حمید اللہ بلوچ نے کہا کہ الحمد اللہ نیو کراچی ٹاؤن میں ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات کی ادائیگیاں صفر ہو چکی ہیں جس کے لئے چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف ، ٹاؤن وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر اور ان کی ٹیم کی کاوشیں شامل ہیں اسی طرح آئندہ ریٹائرڈ ہونے والے ملازمین کے واجبات کی ادائیگی کو بھی فوری عمل میں لایا جائے گا تاکہ ریٹائرڈمنٹ کے بعد ملازمین کو مالی لحاظ سے کوئی دقت پیش نہ آئے ۔ واضح رہے کہ نیو کراچی ٹاؤن کے ریٹائرڈ ملازمین اور فوت ہونے والے ملازمین کے لواحقین کو واجبات کی مد میں اب تک کروڑوں روپے ادا کیئے جا چکے ہیں جبکہ ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات اب صفر پر آ گئے ہیں ۔

جاری کردہ :۔

عقیل اختر

پبلک ریلیشن آفیسر

نیو کراچی ٹاؤن